دیوان شیفتہ

اِن من الشعر لحکمۃ واِن من البیان لسحرا

شیفتگان عروس مضامین کو مژدہ ہو کہ مجموعہ نایاب ریختہ مسمی بہ

من نتائج طبع بلند مکان حضرت نواب مصطفیٰ خانصاحب مرحوم متخلص بہ شیفتہ

مطبع رضوی دہلی میں سید میر حسن کے اہتمام سے چھپا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جمیع حمد و ثنا اُس ذات مستجمع صفات کمالات کو سزاوار ہے جسنے انسان کو زبان بیان کو گویائی۔ گویائی کو حمد و ثنا کی طاقت دی۔ اور اِنَّ مِنَ الشعر لحکمۃ کو سحر حلال کی صفت عنایت کی اور نعت اوس رسول مقبول کو لائق ہے جو مطلع رسالت ہیں اور مقطع نبوت۔ امّا بعد نازک خیالان باکمال اور شیفتگان کلام سحر نشاں کو معلوم رہے کہ یہہ دیوان۔ شمع شبستان سخن مہر آسمان ایفن شاعر فصاحت طراز و معاملہ بند ناز و نیاز ناظم نظم سراپا اعجاز و ہمہ تن بہرہ ور بلاغت ساماں فیشان نواب مصطفے خاں صاحب بہادر مرحوم متخلص شیفتہ کی تصنیف ہے نظر انصاف خود دیکھہ لیگی کہ قابل حرف گیری ہے یا لائق تعریف۔ مشک آنست کہ خود ببوید نہ کہ عطار گوید۔ سچ تو یہہ ہے کہ نواب مرحوم اعلی درجہ کے مشتاق نظم و نثر تھے اور عرفی وقت یا ظہوری عصر۔ انکا فارسی کلام تو چھپ چکا تہا مگر دیوان شیفتہ اردو نظروں سے چھپ رہا تہا۔ بنابریں حسب فرمایش شائقین خاکسار سید محمد میر حسن مہتمم مطبع رضوی دہلی نے بہ جستجوی تمام بہم پہونچا کر طبع کرا دیا۔ یقین ہے کہ مطبوع اہل زبان ہو اور شعرا کے لئے حرز جاں بشتر ہوا ٥

لیجئے آئے اب تک ہے یہہ دولت باقی	ورنہ افسوس ہے رہ جائیگی حسرت باقی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

خواہاں ہیں موں بوئی باغ تنزہ شمیم کا
یارب ادہر بہی بہجدی جہوکا نسیم کا

تیری گداکو سلطنت جم سی کیا کہ ذوق
ہی کاسۂ شکستہ میں جام دو نیم کا

نیرنگ جلوہ بارقۂ ہوش سوز ہے
کیا اعتبار رنگ سی کیجی شمیم کا

تیری نسیم لطف سی گل کو شگفتگی
وابستہ تیری حکم پہ چلنا نسیم کا

واجب کی حکمت آئیگی ممکن کی عقل میں
کتنا دماغ ہی خلل آگیں حکیم کا

وقت سی یہاں عجز سلامت کی راہ ہے
کیسا سپاس دار ہوں عقل سلیم کا

میری فنا ہی شعلۂ محفل لقا
پروانہ ہوں ہیں پرتو شمع قدیم کا

گر تیری شوق میں ہی یہی بیقراریاں
لیلونگا بوسہ پایۂ عرش عظیم کا

طاعت اگر نہیں تو نہو یاس کس لیے
وابستہ سبب ہی کرم کب کریم کا

جسوقت تیری لطف کی دریا کو جوش آئے
فوارہ خاک ہو زبانۂ جحیم کا

ای شیفتہ عذاب جہنم سی کیا مجھی
ہیں امتی ہوں نار دخاں کی قسیم کا

کتبہ میرزا عبد الغفار بیگ عفی عنہ

یہہ فیض عام شیوہ کہاں تہا نسیم کا — آخر غلام ہوں میں تمہارا قدیم کا

پیمان ترک جاہ لیا پیر دیر نے — پیمانہ دیکہے بادۂ عنبر شمیم کا

کیا ڈہونڈہتی ہے قوم کر آنکہوں میں قوم کی — خلد بریں ہے طبقۂ اسفل جحیم کا

اوس شوخ کج ادا سے نہ آئی موافقت — کیونکر گلہ نہو مجہے طبع سلیم کا

شکوے یہہ سب جو ہوتے ہیں ہاں ہم نے ہیں نہیں — انداز ہم میں اوس نہیں یہی ہے قدیم کا

اوسوقت ہم گنے گئے احباب خاص میں — آیا جو تذکرہ کبہی لطف عمیم کا

بدمستیاں کبہی کبہی مستوری عفاف — دستور ہے طبیعت نامستقیم کا

اوس شک گلگی بستر گلسے ہے احتراز — ممنون ہوں عدو کی مزاج سقیم کا

اے جان بیقرار ذرا صبر چاہیے — بیشک ادہر بہی آئیگا جہوکا نسیم کا

جسکی سرشت صاف نہو آدمی نہیں — نیرنگ عشوہ کام ہے دیو رجیم کا

اب جستجو ہے اونکو ہماری کیا حصول — باقی نہیں اثر ہے عظام رمیم کا

عاشق بہی ہم ہوئے تو عجب شخص کے ہوئے — جو ایکدم میں خون کرے سو ندیم کا

ہمنے کئے قواعد وحشت جو منضبط — اہل جنون میں ہمکو لقب ہے حکیم کا

ہے کارنامہ جب سے بیاض اپنی شگفتہ
تقویم سال رفتہ ہے دیواں کلیم کا

جب سے عطا ہوا ہمیں خلعت حیات کا — کچہہ اور رنگ ڈہنگ ہوا کائنات کا

شیشہ اوتار شکوے کو بالائے طاق رکہہ — کیا اعتبار زندگی بے ثبات کا

لڑتے ہو جب رقیب سے کرتے ہو مجھ سے صلح
مشتاق یہاں نہیں کوئی اس التفات کا

گر تیری تشنہ کام کو دے خضر مرتے دم
پانی ہو خشک چشمۂ آب حیات کا

یہاں خار و خس کو بے ادبی سے نہ دیکھنا
ہاں عالم شہود ہے آئینہ ذات کا

کہتے ہیں جان جاتی ہے بے وفا مجھے
کیا اعتبار ہے اونہیں دشمن کی بات کا

دعغط جنون زدونسی نہیں باز پرس حشر
بس آپ فکر کیجیے اپنی نجات کا

جوش سرشک خونکی بسے ہے دم رقم
نامہ نہیں رہا یہہ ورق ہے برات کا

اے مرگ آ کہ میری بھی رہجائے آبرو
رکھا ہے اونسے سوگ عدو کی وفات کا

ایسے سے آگے شیفتہ کیا چل سکی جہاں
احسان ایک عمر رہے ایک رات کا

کیا فائدہ نصیحت ناسودمند کا
کیا خوب پند گو بھی ہے محتاج پند کا

جب ہیں نہیں پسند تو پھر اور آپکے
عاشق ہوں اوسکی خاطر مشکل پسند کا

اے باد صبح تا بکجا اہتزاز گل
گوشہ اولٹ دے یار کے منہہ سے پرند کا

اوس ماہ وش کو غیر سیہ رو سے کام کیا
ہے فیض اپنی اختر بخت نژند کا

اوس کوچہ میں ہی غیرت خسرو گدا سے کم
کیون ناز مستمند سہی ارجمند کا

نالہ تو نارسا نہیں کیونکر گلہ کرون
میں شکوہ سنج ہوں تیری کاخ بلند کا

دیوان کو ہمارے بتوں کی نگاہ میں
اے شیفتہ ذرتبہ ہے جو بید وژند کا

کچھہ انتظار مجکو نہی کارساز کا
ناچار ہوں کہ حکم نہیں کشف راز کا

لگتی نہیں پلک سی پلک جو تمام شب
ہی ایک شعبدہ ترہ نیم باز کا

دشمن پی صبوح جگاتی ہیں یار کو
یہہ وقت ہی نسیم سحر اہتزاز کا

ایمن ہیں اہل جذبہ کہ رہبری اونکی ساتھہ
سالک کو ہی خیال نشیب و فراز کا

ہنسنی کی بعد بہی ہی وہی دل شگفتگی
کیا خوب حال ہی نگہ جاں نواز کا

تقوی میر اشعار ہی عصمت سرشت دوست
پہر مجھسے کونسا ہی سبب احتراز کا

ہاری عجب بات تو پہلے جہان ہیں
پایا کسینی گو تم افشا ہی راز کا

ساقی کی ہیں اگر یہی الطاف کیا عجب
ارض و سما میں ہوش نہو امتیاز کا

پیر مغاں نی رات کو وہ کچھہ دکہا دیا
ہرگز رہا نہ دہیان بہی حسن مجاز کا

دیتا ہے داغ رشک پرندے سپہر کو
جلوہ تمہاری معجز گو ہر طراز کا

پانی وضو کو لاؤ رخ شمع زرد ہے
مینا اٹہاؤ وقت اب آیا نماز کا

یکتا کسیکو ہمنے ندیکہا جہان میں
طول امل جواب ہی زلف دراز کا

جور اجل کو شوخی بیجا لکہا کیا
تہا محو شیفتہ جو کسی مست ناز کا

نہ اس زمانہ میں ہی چرچا ہی دانش و دین کا
نہ شوق شعر تر و بذلہ ہای رنگیں کا

شمیم لطف بہی ہی تو وحشت دل نے
کب انتظار کیا موسم ریاحین کا

نبات نعش کی کسو اسطے ٹہہار کہیں
نہیں ستارہ گہر خاندان پروین کا

ازل میں دیکھتی ہی ہم سخن کو سمجھے تھے
کہ مشتری نہیں اس گوہر نوآئیں کا

تماشا ہی نہایت خلاف شیوہ عشق
غلط ہی شوق ہمیں گریہ ہای نگیں کا

وہ طرفہ حال کہ جس سی جماد رقص کرے ہی
نہ رنگ بہی متغیر ہوا اہل تمکیں کا

ہزار مرتبہ فرہاد جان شیریں دی
دہی ہی حق نمک عشوہ ہای شیریں کا

عجیب حال میں ہی شیفتہ معاف کرو
جو کچھہ قصور بہی ہو اس غلام دیریں کا

ہائی اوس ترک جہانسوز پہ آنا دل کا
سمجھے جو گرمی ہنگامہ جلانا دل کا

ہی تیرا سلسلۂ زلف بہی کتنا دلبند
پہنسی سی پہلی بہی مشکل تہا چہڑانا دل کا

دیکھتی ہم بہی کہ آرام سی سوتی کیونکر
نہ سنا تمنی کبہی ہای فسانہ دل کا

ہمسے پوچہیں کہ اسی کہیل میں کہوئی ہی عمر
کہیل جو لوگ سمجھتے ہیں لگانا دل کا

عاقبت چاہ ذقن میں خبر اوسکی پائی
مدتوں کسی نہیں لگتا تہا ٹہکانا دل کا

کسطرح درد محبت میں جتاؤں اوسکو
بہید لڑکو کسی نہیں کہتے ہیں دانا دل کا

ہم یہہ سمجھی تہی کہ آرام سی تم رکہوگے
لائی تمکو ہی منظور ستانا دل کا

ہم بہی کیا سادی ہیں کیا ہی توقع اوس سے
آجتک حسنی فرا حال نجانا دل کا

جلوہ گاہ غم و شادی دل اور شادی کیاب
کیوں نہو شکوہ سراپا نشانا دل کا

مشکل افتاد پڑی اور یہہ افسون وفا
آدمی کا نہیں مقدور بچانا دل کا

شیفتہ ضبط کرو ایسی ہی کیا بیتابی

جو کوئی ہو تمہیں احوال سُنانا دل کا

ہم پر ہے التفات ہمارے حبیب کا
گیر اگر نہیں ہی نفس عندلیب کا

لیٹ وہ ہے جلوہ زیر لباس سیاہ میں
جو عہد کو دکی میں گلہ تھا ادیب کا

اچھا جو اسکو سونگھی تو آجائی اُوسکو غش
اچھا اثر ہے زلف معنبر کی طیب کا

تیری گلی سی آ گے نہ ہرگز ہوا چلی
کوچہ سے تیری پانو نہ اوٹھی غریب کا

مصروف ہی بہت ہماری علاج میں
ہم بہی فورا علاج کریں گی طبیب کا

تسلیم ہی وفاق رضا سی ہی اتفاق
نہ چرخ کا گلہ نہ گلہ ہے نصیب کا

ہم پانو پہونک پہونک کی کہتی ہیں کیا کریں
اُوس بزم میں ہی خل سراسر رقیب کا

ہو جائی کاسہ لیس شکر فان ہیکدہ
جبکو کہ اشتیاق ہی حال عجیب کا

سُنتی ہی نام دشمن صد سالہ ہو گیا
پوچھا جو مجھسے نام کسی نے حبیب کا

اُوس رشک گل نی لی ہی جو بلبل تو شیفتہ
دیکھی چمن میں شور کوئی عندلیب کا

محو ہوں میں جو اوس ستمگر کا
ہی گلہ اپنے حال ابتر کا

حال لکھتا ہوں جان مضطر کا
رگ لبسمل ہے تار مسطر کا

آنکھ بھرنے سے تیری مجکو ہوا
گردش دہر دور ساغر کا

شعلہ دیدار شعلہ رنگ شراب
کام یہاں کیا ہے دامن تر کا

شوق محو تج بیقراری ہے
اور وعدہ ہے روز محشر کا

نقش تسخیر غیر کو اوس نے
خوں لیا تو میرے کبوتر کا
میری ناکامی سے فلک کو حصول
کام ہے یہہ اوسی ستمگر کا
اوسنے عاشق لکھا عدو کو لقب
ہائے لکھا میرے مقدر کا

آپ سے لخط لخط جاتے ہو
شیفتہ ہے خیال کس گھر کا

سب حوصلہ جو صرف ہوا جور یار کا
مجہپر گذر رہا ستم روزگار کا
تہا گیا ہجوم بہر زیارت ہزار کا
گل ہو گیا چراغ ہمارے مزار کا
جور و جفا بہی غیر پر اے یار دل شکن
کچہہ بہی خیال ہے دل امیدوار کا
کھلنے لگے ہیں از سر نو غنچہای زخم
یہہ فیض ہے صبا کی دم مشکبار کا
گو چاہتے ہو جامہ نہو چاک ناصحو
منگوادو پیرہن مجھے اوس گلعذار کا
ہر کوچہ میں کھلی ہی جو دکان میفروش
کیا فصل ہے شراب کی موسم بہار کا
گھبرا کے ادر غیر کے پہلو سی لگ گئی
دیکھا اثر یہہ نالۂ بے اختیار کا
وہ آتے آتے غیر کے کہنے سے تھم گئے
اب کیا کروں علاج دل بیقرار کا

آزاد ہے عذاب دو عالم سی شیفتہ
جو ہے اسیر سلسلۂ تابدار کا

اوس بزم میں ہر چیز سے کمتر نظر آیا
وہ حسن کہ خورشید جہد ایسی برآیا
[illegible] وہم کہ کیوں بجز آیا
اس راہ سے جاتا تہا ہماری بہی گھر آیا

کچھ دور نہیں اولسنی کہ نیرنج تبا دیں
کیا فائدہ گر آنکھ سی لخت جگر آیا

گو کچھ نہ کہا پر ہوئی دل میں متاثر
شکوہ جو زبان پر میری آشفتہ تر آیا

بیطاقتی شوق سی میں اُٹھ ہی چکا تھا
ناگاہ وہ بیتاب میری قبر پہ آیا

بیقدر ہی مفلس شجر خشک کی مانند
یہاں درہم و دینار میں برگ شجر آیا

حالِ دلِ صد چاک پہ کٹتا ہی کلیجا
ہر بارہ ایک لباس کا ٹکڑا نظر آیا

دیکھی کہ جدائی میں ہی کیا حال وہ بدظن
اسواسطے شب گھر میں میری بیخبر آیا

کیا دیر ہی ای ساقی گلفام سحر ہی
کیا عذر ہی ای زاہد خشک ابر تر آیا

روداد میں ہیں شیفتہ کے مختلف اقوال
پوچھینگے وہاں سے جو کوئی معتبر آیا

جب رقیبوں کا ستم یاد آیا
کچھ تمہارا بھی کرم یاد آیا

کب ہمیں حاجت پرہیز پڑی
غم نکھایا تھا کہ سم یاد آیا

نہ لکھا خط کہ خطِ پیشانی نے
مجکو ہنگام رقم یاد آیا

شعلۂ زخم سے اُٹھے صید فگن
داغ آہوئے حرم یاد آیا

ٹھیرے کیا دل کہ تری شوخی سے
اضطراب پئے ہم یاد آیا

خوبی بخت کہ پیمان عدو
اوسکو ہنگام قسم یاد آیا

کھل گئی غیر سے اُلفت اوسکی
جام مَی سے مجھے جم یاد آیا

وہ مرا دل ہے کہ خود بینوں کو
دیکھکر آئینہ کم یاد آیا

کس لئے لطف کی باتیں ہیں پھر
کیا کوئی اور ستم یاد آیا

ایسی خود رفتہ ہوای شیفتہ کیوں
کہیں اوس شوخ کا رم یاد آیا

قبر پر وہ بت گل فام آیا
بارے مرنا تو میرے کام آیا

دو قدم یہاں سے وہ کوچہ ہے مگر
نامہ بر صبح گیا شام آیا

مر گئے پر نہ گیا رنج کہ وہ
گور پر آئی تو آرام آیا

خیر باد اے ہوس کام کہ اب
دلمیں شوق بت خود کام آیا

شمع کیطرح اوٹھی ہم بھی جب
دشمن تیرہ سرانجام آیا

جب میری آہ فلک پر پہنچی
تب وہ مغرور سر بام آیا

جلد منگواؤ شراب گلرنگ
شیفتہ ساقی گلفام آیا

اوس سے ہیں شکوہ کی جا شکر ستم کر آیا
کیا کروں تھا میری دلمیں سخن زباں تک آیا

قبر سے اوٹھکے بھی یہاں مکرر آیا
وہ تو آئی نہیں ہیں آپ میں کیونکر آیا

وعدہ کس شخص کا اور وہ بھی نہایت کچا
ہم بھی کیا خوب ہیں سچ مچ ہمیں باور آیا

مجھسے وہ شوخ کو اس شان سے آئی گویا
جنگ کیواسطے دارا سے سکندر آیا

جذبہ شوق کی تاثیر اسی کہتے ہیں
سنکے قاصد کی خبر آپ وہ در پر آیا

خاک ہونگا میری فکر نہ آیا ہو کہیں
آج اوس بزم سے کچھ غیر مکدر آیا

اڑ گئے ہوش کہ پیغام اجل ہی جواب — کوچہ یار سی زخمی جو کبوتر آیا

دل صد چاک میں ہے کاکل مشکیں کا خیال — گر مجھے گریہ جو آیا تو معطر آیا

ای اجل نیم نگہ کی تو مجھے مہلت دی — اہل ماتم ہیں یہہ چرچا ہے کہ دلبر آیا

اپنی محفل سی یہہ کہہ کر وہ اٹھایا مجکو — کہ منانیکے لئے آپ میرے گھر آیا

ندیا ہائی مجھی لذت آزار نے چین — دل ہوا رنج سی خالی یہی تو جی بھر آیا

آپ مرتے تو ہیں پہ جیتی ہی بن آئیگی
شیفتہ ضد پہ جو آئی وہ ستمگر آیا

رات دہان گلکی طرحسی جسی خنداں دیکھا — صبح بلبل کی روش ہمدم افغاں دیکھا

کوئی بیجان جہانمیں نہیں جیتا لیکن — تیرے مہجور کو جیتے ہوئی بیجاں دیکھا

میں کیا جانئے کس ذوق سی دی جان دم قتل — کہ بہت اوس سی ستمگر کو پشیماں دیکھا

نہوا یہہ کہ کبھی اپنی گلی پر دیکھیں — یوں تو سو بار ترا خنجر براں دیکھا

اسطرف کو بھی نگہ تا سر مژگاں آئی — باری کچھہ کچھہ اثر گریہ پنہاں دیکھا

پانی پانی ہوئی مرقد پہ میری آکی وہ جب — شمع کو نعش پہ پروانہ کی گریاں دیکھا

قطعہ

غم غلط کرنیکو احباب ہمیں جانب باغ — لیگئے کل تو عجب تنگ گلستاں دیکھا

دور دیں خاصیت اخگر سوزاں پائی — نسترن میں اثر خار مغیلاں دیکھا

ایک نالہ میں تمہاری فلک سی چھوٹی — جسکو دشوار سمجھتے تھے سو آساں دیکھا

کون کہتا ہی کہ ظلمت ہیں گم آتا ہی نظر
جو نہ دیکھا تہا سو ہمنے شب ہجراں دیکہا

شیفتہ زلف پہ پردہ کا پڑا سایہ کہیں
مینے جب آپکو دیکہا تو پریشاں دیکہا

جفا و جور کا اوس سی گلا کیا
جو پوچھی مہربانی کیا وفا کیا

وہ بے پروا جواب نامہ لکہے
خدا جانے کہ دشمن نے لکہا کیا

دیا کیوں ہونے اوس بدخو پہ عاشق
ہمارا دست کوئی بہی نہ تہا کیا

شمیم گل میں بوئی پیرہن ہے
غلط ہے یہہ کہ احسان صبا کیا

نہ لکہنا تہا غم ناکامئ عشق
جواب نامۂ بے مدعا کیا

ہمیں تہا آپ قصد عرض احوال
جو وہ خود پوچھتے ہیں پوچہا کیا

تماشا ہے جلے گر خانہ غیر
وہ کہتے ہیں کہ آہ شعلہ زا کیا

فنائے عاشقاں عین بقا ہے
دیت زندگی کیسی خون بہا کیا

اگر ہے بوالہوس تو قتل کر چک
عدو سی وعدۂ شوق آزما کیا

قطعہ

کہا کل مینے اے سرمایۂ ناز
تلوّن سے ہے تمکو مدعا کیا

کبہی مجھہ پر عتاب بے سبب کیوں
کبہی بو جہہ غیروں سی وفا کیا

کبہی محفل میں وہ بیباکیاں کیوں
کبہی خلوت میں یہہ شرم وحیا کیا

کبہی تمکین صولت آفریں کیوں
کبہی الطاف جرأت آزما کیا

کبھی وہ طعنہ ہائی جانگزا کیوں | کبھی یہہ غمزہ ہائی جانفزا کیا
کبھی شعر و نسی میری نغمہ سازی | کبھی کہنا کہ یہہ تمنے کہا کیا
کبھی بیجرم یہہ آزردہ ہونا | کہ کیا طاقت جو پوچھوں میں خطا کیا
کبھی اس دشمنی پر پہر نسکیں | پئی ہم جلوہ ہائی دلربا کیا
یہہ سب طول اور سنی سنکر بی تکلف | جواب ایک مختصر مجکو دیا کیا

ابہی ای شیفتہ واقف نہیں تم
کہ باتیں عشق میں ہوتی ہیں کیا کیا

وہ پریوش عشق کی افسوس مائل ہوگیا | صفت میں مشہور ہیں لوگو نہیں عامل ہوگیا
ہیں نہیں فرہاد وہ خسرو نہیں پہر کیا سبب | غیر کا مائل جو وہ شیریں شمائل ہوگیا
اشکباری ہمکنار یکم ہوسمیں رات تہی | قلزم گریہ کو اوسکا دہیان ساحل ہوگیا
زخم میری خنجر خونریز تہی اغیار کو | بیوفائی سی خجل کسوقت قاتل ہوگیا
اہل وحشت کو میری شورش سی لازم ہی حذر | ہیں وہ مجنوں ہمیں کہ مجنوں نکی مقابل ہوگیا
رشک خسرو بی تصرف ناز شیریں لیے اثر | سینۂ فرہاد مثل بیستوں سل ہوگیا
ہی خراش ناخن غم میں بہی کیا بیدگی | جو ہلال غرہ تہا سو ماہ کامل ہوگیا
عید کی دن ذبح کرنا اور بہی اچہا ہوا | حلقۂ اسلام میں وہ شوخ داخل ہوگیا
اوسکی اوٹھتی ہی ہاں ہلچل پڑگئی بس بزم میں | طور رز خسرب کو طور محفل ہوگیا
ہوش تو دیکھو کہ سنکر میری وحشت کی خبر | چہوڑکر دیوانہ پن کو قیس عاقل ہوگیا

ہاتھ اوٹھایا اونی قتل بگنہ سی کیبر لعبد
طالع اغیار سی جلاد عادل ہو گیا

حسن کی اعجاز نی تیری مٹایا کفر کو
تیری آگی نقش بانی نقش باطل ہو گیا

میری مرتی دم جو ردیا وہ بڑی تسخیر تھی
آب چشم یار آب چاہ بابل ہو گیا

ہی عدم میں بھی تلاش سرمہ دنبالہ نمک
شیفتہ تیغ نگہہ سی کسکی گھایل ہو گیا

یار کو محروم تماشا کیا
مرگ مفاجات نے بہہ کیا کیا

آپ جو ہنستی رہی شب بزم میں
جان کو دشمن کی میں رو دیا کیا

عرض تمنا سے رہا بیقرار
شب وہ مجھی میں اوسی چھڑا کیا

سرد ہوا دل وہ ہی غیر دلنسی گرم
شعلہ نے اولٹا مجھے ٹھنڈا کیا

مہر قمر کا ہی اب اونکو گمان
آہ فلک سیر نے بہہ کیا کیا

اونکو محبت ہی میں ننگ پڑ گیا
ڈر سے جو شکوہ عدد کا کیا

دیکھئے اب کون ملے خاک میں
یار نے گردوں سی کچھہ ایما کیا

حسرت آغوش ہی کیوں ہمکنار
غیر سی کب اوسنے کنارا کیا

چشم عنایت سی بچی جان مجھے
نرگس بیمار نے اچھا کیا

غیر کی کو جا ہیں گے اب شیفتہ
کچھہ تو ہے جو یار نے ایسا کیا

اوس خنجر ابرو کا گلا ہو نہیں سکتا
دل گوشت ہی ناخن سی جدا ہو نہیں سکتا

کچھ تو ہی اثر کر تیری قربان خموشی
نالوں سے تو کچھ کام میرا ہو نہیں سکتا

گر غیر بھی ہو وقف ستم تو ہی سلم
کچھ تمسے بجز جور و جفا ہو نہیں سکتا

کھولی گرہ دلکو تیرا ناخن شمشیر
یہہ کار اجل سی بھی روا ہو نہیں سکتا

سبقت ہو تجھے راہ میں اوس کوچہ کی مجھ پر
زنہار یہہ اے راہنما ہو نہیں سکتا

بیٹھے جو کبھا ہمدم اغیار نہو جے
تو چین ہمیں ہو کی کبھا ہو نہیں سکتا

یہہ راز محبت ہے نہ افسانہ بلبل
محرم ہو میری باد صبا ہو نہیں سکتا

کب طالع خفتہ نے دیا خواب میں آنی
وعدہ بھی کیا وہ کہ وفا ہو نہیں سکتا

وہ مجھسی خفا ہی تو اوسی یہہ بھی ہی بیا
پر شیفتہ میں اوس سی خفا ہو نہیں سکتا

صبح ہوتی ہے گیا گھر مہ تابان میرا
پنجہ رخوانی کیا چاک گریبان میرا

گرم گرم اوس رخ نازک پہ نظر کی کسنی
رشک گلریز ہی کیوں دیدہ گریان میرا

وادی نجد کو دلی سی نہ دو نیا نسبت
ہے وہ مجنوں کا بیابان یہ بیابان میرا

دیکھکر میری طرف ہنسکے کہا یہہ دم قتل
آج تو دیکھہ لیا آپ نے پیمان میرا

نہ گھر آیا نہ جنازہ پہ نہ مرقد پہ کبھی
حیف صد حیف نہ نکلا کوئی ارمان میرا

چارہ ساز و کوئی رہنا ہی بجز چاک ہوئے
آپ سے بار ستیں ہیں یہہ گریبان میرا

اوسکی زلفونکا نہو دہیان تو اے شیفتہ پھر
اس شب ہجر میں ہے کون نگہبان میرا

گور میں یاد قد یار نی سونی ندیا
فتنۂ حشر کو رفتار نے سونے ندیا

واہ ای طالع خفتہ کہ شب عیش میں بھی
وہم بیخوابی اغیار نے سونے ندیا

دار میں صورت آغوش سحر تک آنکھیں
شوق ہمخوابی دلدار نے سونے ندیا

یاس سے آنکھہ بھی جھپکی تو توقع سی کھلی
صبح تک وعدۂ دیدار نے سونے ندیا

طالع خفتہ کی تعریف کہاں تک کیجے
پانو کو بھی خلش خار نے سونے ندیا

درد دلسے جو کہا نیند نہ آئی تو کہا
مجکو کب نرگس بیمار نے سونے ندیا

شب ہجراں نے کہا قصہ گیسوے دراز
شیفتہ تو بھی دل زار نے سونے ندیا

آج ہی کیا آگ ہی سرگرم کیں تو کب تھا
شمع ساں مجبور خوی آتشیں تو کب تھا

آج ہی دعوے ہی کیا تجکو تبان دہر سے
غیرت غلماں و رشک حور عیں تو کب تھا

آج ہی ہر بات پر بیوجہ کیا رکتا ہی تو
ای ستمگار بر سر پرخاش و کیں تو کب تھا

آج ہی تیری جگہ کچھہ سینہ و دل میں نہیں
مثل تیر غمزہ ظالم دلنشیں تو کب تھا

آج ہی کیا شرم و شوخی کو ملایا ہی بہم
غیر سی بیباک مجھسی شرمگیں تو کب تھا

آج ہی کیا ہی فلک پر شکوۂ فریاد خلق
ای ستمگر آفت روی زمیں تو کب تھا

آج ہی کیا دشمنونسی قتل کی تدبیر ہی
ای جفاجو درپی جان حزیں تو کب تھا

آج ہی باتیں بناتی یہانتکی آنی ہیں نہیں
حیلہ گر تو کب نتھا عذر آفریں تو کب تھا

آج ہی اوٹھکر یہانسی کیا عدو کی گھر گیا
مہروش شب کو کہیں دنکو کہیں تو کب تھا

آج ہی ٹیکا مگانی سی لگی کیا چار چاند
فی تکلف بی تکلف مہ جبیں تو کب تھا

آج ہی کچھ سوز ہجراں سی نہیں پروانہ وار
شیفتہ بیتاب ردئی آتشیں تو کب تھا

ہیں پریشان گرد اور محفل نشیں تو کب تھا
ہر کہیں کس دن نہ تھا ہیں ہر کہیں تو کب تھا

یہاں سنگ حرف ملامت وہاں گرا عرض نیاز
سخت جاں ہیں کب نہ تھا اور نازنیں تو کب تھا

ناصح و واعظ کی مطعون ای صنم ہم کب تھی
آفت جان و بلائی عقل و دیں تو کب تھا

انتہا کی بات ہی یہاں ابتدائی عشق ہی
ہم تہی کب عجز گستر خشمگیں تو کب تھا

جستجو میں سرمہ تسخیر کی ہم کب تھے
چشم افسوں ساز سی سحر آفریں تو کب تھا

تجکو تسک الفت میں اپنی ہمکو وہم ربط غیر
بدگمان ہم کب تھی اور بی یقیں تو کب تھا

ناشکیبا مضطرب وقف ستم ہم کب تھی
ہم دنت بیوفا مصروف کیں تو کب تھا

تیری ان باتوں پہ ہم لٹھنے اٹھاتے کب تھی
ای ستمگر شیفتہ کا ہمنشیں تو کب تھا

ہیں وصل میں بھی شیفتہ حسرت طلب رہا
گستاخیو نمیں بھی مجھے پاس ادب رہا

تغیر وضع کی ہی اشارہ وداع کا
یعنے جفا پہ خوگر الطاف کب رہا

ہیں تنگ سی چلا تو کہا بے سبب چلا
اسیر جور رہگیا تو کہا بے سبب رہا

دم بھر بھی غیر پر نگہ لطف کیوں ہے اب
ایک عمر میں ستم کش چشم غضب رہا

سمجھا شب تو آہ میں بھی اثر جذب دلمیں بھی

کیونکر نہ آئے شیفتہ مجکو عجب رہا

بسکہ آغاز محبت میں ہوا کام اپنا — پوچھتی ہیں ملک الموت سی انجام اپنا

عمر کٹتی ہی تصور میں رخ و کاکل کی — رات دن اور ہی ای گردش ایام اپنا

وہاں یہہ قدغن کہ نہ آواز فغاں بہی پہنچی — یہاں یہہ شورش کہ گذرا ہو لب بام اپنا

اونسی نازک کو کہاں گرمی صحبت کی تاب — بس کلیجا نہ پکا ای طمع خام اپنا

تپش دل کی سبب سے ہی مجہی خواہش مرگ — کون ہی جسکو نہ منظور رہو آرام اپنا

بادہ نوشی سی ہماری جو لہو خشک ہوا — خون اغیار سی لبریز نہی کیا جام اپنا

لطف سمجھوں تو بجا جور ہی سمجھوں تو درست — تمنے بہیجا ہی مری پاس جو پیغام اپنا

ذکر عشاق سی آتی ہی جو غیرت اوسکو — آپ عاشق ہی مگر وہ بت خود کام اپنا

تاب بوسہ کی کسی شیفتہ دہ میں بہی اگر
کرچکی کام یہاں لذت دشنام اپنا

جی داغ غم رشک سی جلجائی تو اچہا — ارمان عدو کا بہی نکلجائی تو اچہا

پروانہ نہ بنا مری جلانیکو وفادار — محفل میں کوئی شمع بدل جائی تو اچہا

کس چین سی نظارہ ہر دم ہو میسر — دل کوچہ دشمن میں بہل جائی تو اچہا

تم غیر کے قابو سے نکل آؤ تو بہتر — حسرت یہہ مری دل کی نکلجائی تو اچہا

سودا زدہ کہتے ہیں ہوا شیفتہ افسوس
تہا دست ہمارا بہی سنبہل جائے تو اچہا

پلا جام ساقی مے ناب کا
کہ کچھ خط اوٹھی سیر مہتاب کا

دل زار کا ماجرا کیا لکھوں
فسانا ہی مشہور سیماب کا

کہاں پھر وہ نایاب پایا جسے
غلط شوق ہی جنس نایاب کا

نکلجو غل ای خوشنوایان صبح
یہہ ہی وقت اونکی شکر خواب کا

محبت نہ ہرگز جتائی گئے ؛
رہا ذکر کل اودہر باب کا

دم سرد سی لانہ طوفان باد
نہ سن ماجرا چشم پرآب کا

وہاں بیخودوں کی خبر کون لے
جہاں شغل ہو بادۂ ناب کا

وہاں تیرہ روزن کی پروا کسے
جہاں شوق ہو سیر مہتاب کا

وہ تشخیص شخصی بھی جاتی رہی
کنارا اوٹھتی ہی جلباب کا

ہیں بے جرم رہتا ہوں خایف کہ وہاں
جفا میں نہیں دخل اسباب کا

بڑی صبر آرام کی جان پر ؛
میری جان بے صبر و بیتاب کا

لب لعل کو کسکی جنبش ہوئے
ہوا میں ہی کچھ رنگ عناب کا

نہ کرنا خطا پر نظر شیفتہ
کہ اغماض شیوہ ہی احباب کا

تقلید عدو سی ہمیں ابرام نہوگا
ہم خاص نہیں اور کرم عام نہوگا

صیاد کا دل اوس سی پگھلنا متعذر
جو نالہ آتش فگن دام نہوگا

جس سی ہی مجھی ربط وہی ان کو کہا ہے ؛
الزام کے دینی سی تو الزام نہوگا

بیداد وہ اور او سپہ وفا یہہ کوئی مجبا
مجبور ہوا ہی دل خود کام نہوگا

وہ غیر کے گھر نغمہ سرا ہوں گی مگر کب
جب ہمسی کوئی نالہ سرانجام نہوگا

ہم طالب شہرت ہیں ہمیں ننگ ہی کیا کام
بدنام اگر ہوں گی تو کیا نام نہوگا

قاصد کو قتل کبوتر کو کیا ذبح
لیجای ہی میر اب کوئی پیغام نہوگا

جب تک وہ اوٹھا بت ہی عدو دوست کہا تک
آزار عدو سی مجھی آرام نہوگا

یہاں جیتی ہیں امید شب وصل پہ اور وہاں
ہر صبح توقع ہی کہ تا شام نہوگا

قاصد ہی عبث منتظر وقت کہاں وقت
کس وقت او نہیں شغل می و جام نہوگا

دشمن پس دشنام بہی ہی طالب بوسہ
محو اثر لذت دشنام نہوگا

رخصت بس اب اے نالہ کہ یہاں ٹہر چکی ہی
نالہ نہیں جو آفت اجرام نہوگا

برق آئینہ فرصت گلزار ہی او سپہر
آئینہ نہ دیکھی کوئی گلفام نہوگا

ای اہل نظر ذرہ میں پوشیدہ ہی خورشید
ایضاح سی حاصل بجز ابہام نہوگا

اس ناز و تغافل میں ہی قاصد کی خرابی
بیچارہ کبہی لایق انعام نہوگا

اوس بزم کی چلنی میں ہو تم کیوں متردد
کیا شیفتہ کچہ آپکا اکرام نہوگا

دیکھوں تو کہاں تک وہ تلطف نہیں کرتا
آری سی اگر چیری تو میں اُف نہیں کرتا

تم دیتی ہو تکلیف مجھی ہوتی ہی راحت
سچ جانئی میں اُسمیں تکلف نہیں کرتا

سب باتیں اونہیں کی ہیں یہہ سچ بولیو قاصد
کچہ اپنی طرفسی تو تصرف نہیں کرتا

سو خوف کی ہو جائی نگر رند نظر باز
دل جلوہ گہہ انکشف و کشف نہیں کرتا

شوخی سی کسیطرح سے چین اوسکو نہیں ہی
آتا ہی مگر آکی توقف نہیں کرتا

اوس خوش ستمگر سی پڑا ہے مجھے پالا
جو قتل کئی پر بھی تاسف نہیں کرتا

جو کچھ ہی آئنا میں وہ ٹپکتا ہی انا سی
کچھہ آپ سی ہیں فکر تصوف نہیں کرتا

تسکین ہو کیا وعدہ سی معشوق ہی آخر
ہر چند سنا ہی کہ تخلف نہیں کرتا

کیا حال تمہارا ہے ہمیں بھی تو بتاؤ
بیوجہ کوئی شیفتہ اُف اُف نہیں کرتا

اپنی جوار میں ہمیں مسکن بنا دیا
دشمن کو اور دوست نی دشمن بنا دیا

مشاطہ نے مگر عمل سیمیا کیا
گلبرگ کو جو غنچہ سوسن بنا دیا

دامن تک اوسکی ہاتھ نہ پہنچا کبھی وہ تھا
جن ہاتہہ نے کہ جیب کو دامن بنا دیا

دیکھا نہو گا خواب میں بھی یہہ فروغ حسن
پردیکو اوسکے جلوہ نی چلمن بنا دیا

تم لوگ بھی غضب ہو کہ دل پر یہہ اختیار
شب موم کر لیا سحر آہن بنا دیا

پروانہ ہی خموش کہ حکم سخن نہیں
بلبل ہی نغمہ گر کہ نواشن بنا دیا

صحرا نبا رہا ہی وہ افسوس شہر کو
صحرا کو جسکی جلوہ نے گلشن بنا دیا

مشاطہ کا قصور سہی سب بناؤ میں
اوسنی ہی کیا نگہہ کو بھی پر فن بنا دیا

اظہار عشق اوس سی نکرتا تھا شیفتہ
یہہ کیا کہ دوست کو دشمن بنا دیا

کیا لائق زکوۃ کوئی بینوا نہ تھا
انفاس یاد میں نفس آشنا نہ تھا

اس قوم کی سرشت میں ہی کم مجتبی تھا
شکوہ جو اوس سے تھی مجھی ہرگز بجا نہ تھا

تاثیر نالہ نکتہ بعد الوقوع ہے
یہاں غیر رسم اور کوئی مدعا نہ تھا

وحشت تھی مجکو پہلی ہی پر یہہ پیش تھے
شورش تھی مجکو پہلی ہی پر یہہ مزہ تھا

اونکی نگاہ ناز عجب تازیانہ تھے
مقدور پہر اودہر نظر شوق کا نہ تھا

افسوس وہ مظاہر گونی میں پہنس گیا
جو عالم عقول سی نا آشنا نہ تھا

تریاقی اسقدر رہی کیوں آپ رات کو
مدت میں گو ملی تھی مگر میں نیا نہ تھا

پی پردہ اونکے آنے سی حیرت ہوئی مجھی
وصل عدو کی رات تھی روز جزا نہ تھا

تان دنگ کی تھی ہمیں توفیق شیفتہ
ساز و نوا کے واسطے برگ و نوا نہ تھا

کل نغمہ گر جو مطرب جادو ترانہ تھا
ہوش و حواس و عقل و خرد کا پتا نہ تھا

یہہ بت کہ جائی نسبت ہے جب تھا نقاب میں
عہد شباب اور بتوں کا زمانہ تھا

معلوم ہے سناتی ہو ہر ایک بہانہ سے
قصد آگیا نہ آئی رات حنا کا بہانہ تھا

حسرت سی اوسکے کوچہ کو کیونکر نہ دیکھی
اپنا بھی اس چمن میں کبھی آشیانہ تھا

کیا میکدہ نہیں ہی کہ مدارس ہیں بے خبر
البتہ ایک وہاں دل بے مدعا نہ تھا

ساقی کی بی مدد نہ بنی بات رات کو
مطرب اگرچہ کام میں اپنی یگانہ تھا

کچھ آج اونکی بزم میں بیٹھے رہے بہ بند و بست
آلودہ می سی دامن باد صبا نہ تھا

دشمن کی فعل کچھ نہیں توجیہ کیا ضرور
تم سے فقط مجھے گلہ دوستانہ تھا

کل شیفتہ سحر کو عجب حال خوش میں تھی
آنکھونمیں نشہ اور لبوں پہ ترانہ تھا

تھا غیر کا جو رنج جدائی تمام شب
نیند اونکو میرے ساتھ نہ آئی تمام شب

شکوہ مجھے تہو جو کہ خاست حدسی ہو
وہاں صلح اکدم ہی لڑائی تمام شب

یہہ ڈر رہا کہ سوتی نپائیں کہیں مجھی
وعدیکی رات نیند نہ آئی تمام شب

پہنچ تو یہ ہی کہ بول گئی اکثر اہل شوق
بلبل نی کی جو نالہ سرائی تمام شب

دم بھر بھی عمر کھوئی جو ذکر رقیب ہیں
کیفیت وصال نہ پائی تمام شب

تھوڑا سا میری حال پہ فرما کر التفات
کرتے رہی وہ اپنی بڑائی تمام شب

وہ آہ تار و پود ہو جسکا ہوائی زلف
کرتی ہی عنبری وصبائی تمام شب

وہ صبح جلوہ جلوہ گر باغ تھا جو رات
مرغ سحر نے دھوم مچائی تمام شب

افسانی سی بگاڑ ہی اُن بن ہے خواب سے
ہے فکر وصل ذکر جدائی تمام شب

جسکی شمیم زلف پہ ہیں غش ہوں شیفتہ
اوسنے شمیم زلف سنگھائی تمام شب

یوں تو ہم گلرخاں میں ہی مس انکو اضطراب
جیسے بہار میں ہو عنادل کو اضطراب

نیرنگ حسن وعشق کی کیا کیا ظہور ہیں
بسمل کو اضطراب ہی قاتل کو اضطراب

آجائی ہمنشیں جو پریوش تو کیا نہو
دیوانہ وار ناصح عاقل کو اضطراب

سیماب وار ساری بدن کو ہی یہاں تپش
تسکین ہو سکی جو ہوا ایک دل کو اضطراب

وہ بادب شہید ہوں میرا جو نام لی
قاتل تو پہر نہ ہو کسی بسمل کو اضطراب

افسوس ہا و آہ سی اہل بہی نجائی اور
یوں ہی ہوا سی پردہ محمل کو اضطراب

ہیں جان بلب ہوں اور خبر وصل جان طلب
کیا کیا نہیں ہی بندہ و سائل کو اضطراب

لکھا ہی خط میں حال دل بیقرار کا
ہو گا ضرور شیفتہ حامل کو اضطراب

کیا اٹھہ گیا ہے دیدۂ اغیار سی حجاب
ٹپکا پڑی ہی کیوں نگہہ یار سی حجاب

لاؤ نعم نہیں جو تمنائی وصل پر
انکار سی حجاب ہی اقرار سی حجاب

تقلید شکل چاہئی سیرت میں بہی تجہی
کبتک رہی مجہے تیری اطوار سی حجاب

دشنام دیں جو بوسہ میں ابرام ہم کریں
طبع غیور کو ہی پر اصرار سے حجاب

رندی میں بہی گئی نہ یہہ مستوری صلاح
آتا ہے مجکو محرم اسرار سی حجاب

وہ طعنہ زن ہی زندگی ہجر پر عبث
آتا ہی مجکو حسرت دیدار سی حجاب

جوش نگاہ دیدۂ حیران کو کیا کہوں
ظاہر ہی روئی آئینہ رخسار سی حجاب

روز و شب وصال مبارک ہو شیفتہ
جور فلک کہو ہی ستم یار سی حجاب

دشمن سی ہی میری دل مضطر کی شکایت
کیونکر نکروں شوخی دلبر کی شکایت

دیوانۂ الفت ادب آموز خرد ہے
سودی میں نہیں زلف معنبر کی شکایت

جب تک قتل شہیدان وفا ہیں
ہر ایک کو ہے تیری خنجر کی شکایت

تیر ہو گیا ادن لب و دندان کا ہوں بیمار
نے لعل کا شکوہ ہے نہ گوہر کی شکایت

ہیں بوالہوسوں سے دل عاشق کا گلہ ہے
غیر دل سے ہے کرتا ہے کوئی گھر کی شکایت

ظلم پرستوں کی نگہ سے ہوں مقابل
ہوتی تھی کبھی کاوش نشتر کی شکایت

ہاں کانٹوں پہ بھی لوٹتے ہیں چین نہیں ہے
وہاں غیر سے ہے پھولوں کی بستر کی شکایت

ظلم بد آموز کو ہم کرتے ہیں یعنے
ہے شکر وفا جور ستمگر کی شکایت

بے پردہ وہ آئینگے تو کیسی مجھی ہو گی
اے شیفتہ ہنگامۂ محشر کی شکایت

اوس وفا کی مجھسے پھر امیدواری ہے عبث
دلفریبی کی لگاوٹ یہہ تمہاری ہے عبث

سمجھے جو کہ احسان جانتا ہو ناز سے
اوس ستم ایجاد سے امیدیاری ہے عبث

ہائے دوست بعد از مرگ بھی نظروں میں ہیں
دم بدم احسن سے علد کو بیقراری ہے عبث

ہیں کب پھل لگا تاثیر کیا ہو آہ میں
چشم تر کی صورت ابر اشکباری ہے عبث

غافل ہائے کی تجکو اور کو دل دیدیا
اے ستمگر اب تیری غفلت شعاری ہے عبث

ہجر میں چرخ دجل نے گر نکی یاری تو کیا
دشمنوں سے شیفتہ امیدداری ہے عبث

خامش راز گلستان عبث
تھو بلبل زار نالان عبث

یت تھی مجکو تو چین جبیں
کیا قتل کا اور سامان عبث

مقدم ہے ترک عدو کی قسم
وگرنہ یہہ سب عہد و پیماں عبث

جو آیا ہی وادی میں تو صبر کر
شکایات خار مغیلاں عبث

تکبر گدائی خرابات سے
نہ ای خواجہ کھو جان و ایماں عبث

وہاں صوت مینا و آوازِ ساز
خوش آہنگیِ مرغ شب خواں عبث

وہاں دشنہ بھی دنکو ہوتی ہے صبح
سحر خیزیِ عندلیباں عبث

دم خضر ہی چشمۂ زندگے
سکندر بسرِ آبحیواں عبث

پری کا وہاں مجکو سایہ ہوا
نہیں اشتیاق دلستاں عبث

طلبگار راحت ہیں نادر و مند
اگر درد ہی فکر درماں عبث

یہہ نازک مزاجوں کا دستور ہے
خشونت سی اندوہ حرماں عبث

شکایت کو اوسنے سنا ہی نہیں
کھلا غیر پر راز پنہاں عبث

میری غم میں گیسوی مشکیں کھول
نہو خلق کا دشمن جاں عبث

محبت جتاتا ہوں ہر طور سے
اثر کی نظر سوی افغاں عبث

نہ سمجھا کسینے مجھے گل نہ صبح
ہوا ٹکڑے ٹکڑے گریباں عبث

مجھے یوں بٹھاتے وہ کب بزم میں
اٹھائی رقیبوں نے طوفاں عبث

یہہ انداز دلکش کہاں شیفتہ
جگر کاوی مرغ بستاں عبث

ای شیفتہ نوید شب غم سحر ہی آج
ہمتاب آفتاب فروغ قمر ہی آج

آہنگ دلپذیر سے مطرب ہے جاں نواز
آہ جگر خراش کا ٹلا ہر اثر ہے آج

دلسے کشادہ تر نہو کیونکر فضاے بزم
تنگی خانہ حلقۂ بیرون در ہے آج

فانوس میں نہ شمع نہ شیشہ میں ہے پرے
ساغر میں جس بہار سے مے جلوہ گر ہے آج

پروانونکا دماغ بہی ہے آسمان پر
نور چراغمیں جو فروغ قمر ہے آج

ہر سمت جلوہ گر ہیں جوانان لالہ رو
گلزار جسکو کہتے ہیں وہ اپنا گھر ہے آج

ساماں وہ کہ آئی نہ چشم خیال میں
آاے رقیب دیکھہ کہ پیش نظر ہے آج

وہ دن گئے کہ ربط سر و سنگ تہا بہم
شکرانہ کی سجود ہیں اور اپنا سر ہے آج

اسباب عیش یہہ جو مہیا ہے شیفتہ
کیا پردہ تمسے آنیکی اونکی خبر ہے آج

شیفتہ ہجر میں تو نالۂ شبگیر نہ کھینچ
صبح ہونیکی نہیں خجلت تاثیر نہ کھینچ

اے ستمگر رگ جاں میں ہے میری پیوستہ
دم نکلجاے گا سینہ سے میری تیر نہ کھینچ

جو ریہہ بہی کوئی کرتا ہے عمل دنیا میں
رنج بیہودہ بس اے عامل تسخیر نہ کھینچ

عشق سے کیا ہے تجہے شکل تیری کہتی ہے
حسن تقریر کو آہیں دم تقریر نہ کھینچ

ہے یہہ سامان صفائی کا عدو سے کیونکر
دست مشاطہ سے یوں زلف گرہگیر نہ کھینچ

اے ستم پیشہ کچھہ امید تلافی تو رہے
دست نازک سے میری قتل کو شمشیر نہ کھینچ

چارہ گر فکر کر اسمیں کہ مقدر بدلے
ورنہ بیہودہ اذیت پے تدبیر نہ کھینچ

کون ہیجرم ہے جو شایق تعذیر نہیں
شوق تعذیر سے تو حسرت تقصیر نہ کھینچ

وجد کو نہ مژدۂ مرغ سحر کافی ہی
شیفتہ نازِ مغنی و مزامیر نہ کھینچ

ناصح پتان ہی شیفتہ نیم جانکی طرح
کیا دلمیں چبھہ گئی نگہہ جانستانکی طرح

بہتر ہے آپ غیر سی دل کھولکر ملیں
آخر تو یہہ بہی مسری ہی ہی امتحان کسطرح

اوس شمع رو کی بزم میں مانع تہا کوئی
ہوتی سبک جو نالۂ آتش فشانکی طرح

کیوں ہر نفس سی شہد خموشی سی بند لب
بہائی ہی دلکو کونسی شیریں بیانکی طرح

لڑتے ہیں آشتی نہ تغافل میں التفات
یہہ جور کی نکالی ہی تمنی کہانکی طرح

خمیازہ بند بند گسل ہے خمار سے
بدمست کر گئی یہہ کس ابرو کمانکی طرح

ہر ہر قدم پہ رشک سی جلتی ہی شمع قند
چلتا ہی وہ بہی شیفتہ میری زبان کسطرح

دیا ہی بوسہ مجھی جبکہ میں ہو گستاخ
غلط ہی بات کہ کم رزق ہی گدا گستاخ

تمہاری بزم میں افسردہ میں بیٹھونگا
نسیم باغمیں چالاک ہی صبا گستاخ

کہاں ہی غیرت شوخی کہ جائی عبرت ہے
نگاہ یار سی ہر وقت ہی حیا گستاخ

سفیہ جیسی کہ خدمت سی جل نکلتی ہیں
غرور مہر و وفا نی مجھی کیا گستاخ

لبوں سی جان ہی گستاخ ذوق بیحد سی
زباں نوسہ مجھی تونی کیوں کہا گستاخ

قبول کیوں نہوئی خواہش ہم آغوشی
کہ آشنا ونسی ہوتی ہیں آشنا گستاخ

عنان ضبط کوئی شیفتہ سی تہمتی ہی

کہ ہر کرشمہ ہی چالاک و ہر ادا گستاخ

روز غم میں کیا قیامت ہی شب عشرت کی یاد
اشک خوں سی آگئیں رنگینیاں صحبت کی یاد

میری حالت دیکھہ لو تغییر کتنی ہو چکی
وصل کی دن دمبدم کیوں تشنہ سا عشرت کیے یاد

ہیں ہم بیکس اور بیکسی پہ ترحم ہی ضرور
حسن روز افزوں دلا دیتا ہی ہر حالت کی یاد

طاقت جنبش نہیں اس حال پر قصد عدم
مر گئے پھر بھی رہیگی اپنی اس ہمت کی یاد

غالباً ایام حرماں بیخودی میں کٹ گئی
آتی ہی پھر آن کر بھولی ہوئی مدت کی یاد

دل لگانیکا ارادہ پھر ہی شاید شیفتہ
ایسی حسرت سے جو ہی گذری ہوئی الفت کی یاد

طلب بوسہ پر اوس لب سی شکر آب لذیذ
تند ہی تلخ ہی لیکن ہے مے ناب لذیذ

کچھہ مزا تو نسمجھہ خضر اُمور عشرت
سب مزے جو نہیں نہیں ایکسی اسباب لذیذ

سم کی تاثیر کری ہجر میں آب حیواں
مے گلگوں سے ہے وصل میں ہی آب لذیذ

روز زاہد سہی پر نہیں مقبول فغاں
تا نہ معلوم ہو تلخی مے ناب لذیذ

شیفتہ ذوق سحر اوسنی کہاں دیکھا ہی
وہ جو کہتا ہی کہ ہی آخر شب خواب لذیذ

وصل کی لطف اٹھاؤں کیوں کر
تاب اوس جلوہ کی لاؤں کیوں کر

گرمجوشی کا کروں شکوہ کہ وہ
کہتے ہیں تجکو جلاؤں کیوں کر

کیا کروں ہائی ہیں بیتاب وہ شوخ
چین سے پاس بٹھاؤں کیوں کر

ہر بن مو سی دہواں اوٹھتا ہی
آتش غم کو چھپاؤں کیونکر

میری آنی سی تم اوٹھہ جاتے ہو
بزم دشمن میں نہ آؤں کیونکر

یاد نے جسکی بھلایا سب کچھہ
اوسکی میں یاد بھلاؤں کیونکر

آپ بہایا مجھے رونا اپنا
کھنچتے ہیں ہائی میں جاؤں کیونکر

چارہ غیر سے فرصت ہی نہیں
درد دل اوسکو سناؤں کیونکر

زندگانی سے خفا ہوں اپنی
پھر کھو تمکو مناؤں کیونکر

اوسکی آتے ہی بھڑک اوٹھی اور
آتش دلکو بجھاؤں کیونکر

شور محشر ابھی چونک اوٹھی گا
شیفتہ کو میں جگاؤں کیونکر

شیفتہ آیا ہو نہیں کسکا تماشا دیکھکر
رہ گئی حیراں مجکو سب خود آرا دیکھکر

شوق خوباں باڑ گیا حوروں کا جلوہ دیکھکر
رنج دنیا مٹ گیا آرام عقبے دیکھکر

ہی وہ آتش جلوہ اخگر افشاں ہائی شور سے
شمع رو دیتی ہی پروانہ کو جلتا دیکھکر

خنجر گذری سو گذری پر یہی اچھا ہوا
خط دیا تنہا نامہ بر نے اوسکو تنہا دیکھکر

سائل مبرم کی یہتی مجہہ فرمانے لگے
آرزو کی شوق کا گرم تقاضا دیکھکر

ہی وہ ہاں سستی طلب میں اب انکو خفا کھا کھا کر
کام کرتے ہیں مزاج کار فرما دیکھکر

ہیں تو دونو سخت لیکن کونسا ہی سخت تر
اپنی دلکو دیکھنے میرا کلیجا دیکھکر

گانو بھی ہمکو غنیمت ہی کہ آبادی تو ہی
آئی ہیں ہم بخت بر آشوب صحرا دیکھکر

اب کسی لاؤں گواہی کی لئی وُہ جزا
میری ہی دشمن ہوگئی اُوسکو اجبّا دیکھکر

ہیں کمین تو بہیں ہوں آپ لیکن کیا کروں
مونھہ ہیں بھر آتا ہی پانی جام و مینا دیکھکر

التماس وصل پر بگڑی تھی بہ مذہب اُنکو
کچھہ نہ بن آئی مگر جوش تمنا دیکھکر

دوستی کرتی ہیں ارباب غرض ہر ایک سے
میری عاشق ہیں عدو اب ربط اسکا دیکھکر

بی نقط مجکو سناؤگی جو دیکھو گی ستم
آپ عاشق تو ہوئی ہیں شوق میرا دیکھکر

پھر کھوگی اوسکو دل فریاد ای ارباب دل
جو نہو بیتاب و مضطر روی زیبا دیکھکر

یار پہلو ہیں نہیں می جام و مینا ہیں نہیں
اتم ہوئی حیران مجکو ناشکیبا دیکھکر

ناگہاں باد موافق شیفتہ چلنے لگی
جان پر کل بن رہی تھی شور دریا دیکھکر

تھا قصد بوسہ نشہ ہیں سرشار دیکھکر
غش آگیا مجھی اُنہیں ہشیار دیکھکر

کچھہ بیم قتل سی نہیں آنکھوں ہیں اشک سرخ
کھاتا ہی جوش خون تیری تلوار دیکھکر

جاتی ہیں اور منع کی طاقت نہیں مگر
رہ جائیں آپ وہ مجھی ناچار دیکھکر

پر وہ بیکا یاد نہ بی پردگی ہے یاد
غش ہوگیا ہیں کعبہ کی استار دیکھکر

پیر خیل عاشقان مجھی کہتی ہیں بوالہوس
عاشق کا اوسکو مائل آزار دیکھکر

آتی ہیں یاد کاکل و لب کی حکایتیں
روتا ہوں دام مرغ گرفتار دیکھکر

کیا بنگیا ہوں صورت دیوار دیکھنا
صورت کسیکی ہیں در و دیوار دیکھکر

رحم ایسی سادگی پہ ستمگر ضرور ہے
عاشق ہوئی ہیں ہم تجھے پرکار دیکھکر

کم رغبتی سی لیتی ہیں دل ہوشیار ہیں
بڑہتا ہی مول شوق خریدار دیکھکر

کہتا تہا وقت مرگ کی ہرایک سی شیفتہ
دنیا کسیکو دل تو وفادار دیکھکر

یوں پاس بوالہوس ہیں چشم غضب سے دور
یہہ بات ہی بُری دل عاشق طلب سے دور

دیوانہ میں نہیں کہ انا لیلی لب پہ آئی
باتیں خلاف وضع ہیں اہل ادب سی دور

مجکو سنا کی کہتی ہیں ہمدم سی یاد ہے
ایک آدمی کو چاہتی تہی ہم بہی ب سی دور

جو لطف میں بہی پاس بٹہکنے ندی کبہی
رکہیو الٰہی ایسکی مجکو غضب سی دور

کیونکر میں انجمن میں تمہاری شریک ہوں
ارباب رنج رہتی ہیں اہل طرب سی دور

ہمسی اُوسی معاملہ تہا جان وجسم کا
ہرگز ملاپ گاہ ہوا ہی حبب سی دور

تو بہی جو میری پاس آئی تو کیا کروں
نیری ہی پاس سی تو میں رہتا ہوں سب سے دور

میں غیر بوالہوس نہیں ڈرتی ہو کسلئی
مجہسے نہ رکہو بوسہ میں تم لب کو لب سے دور

بوس وکنار کی نکرونگا ہوس کبہی
یہہ خواہشیں ہیں عاشق حسن طلب سے دور

آغاز عمر ہی میں ہی ہمکو خیال حج
دلّی جو شیفتہ ہے دیار عرب سی دور

ہم بے نشاں ہیں اور وفا کا نشاں ہنوز
ہی خاک تن ہوا وہوا خونفشاں ہنوز

بیت الحزن میں نغمۂ شادی بلند ہی
نکلا ہی باب مصر سی ہے کارواں ہنوز

صبح شب وصال نے صبح ہے مگر
پردیں ہنوز جلوہ گرد کہکشاں ہنوز

ہرگز ابھی شکایت دشمن بجا ہئے
ہم پر ابھی یار خوب نہیں مہرباں ہنوز

کیونکر کہیں کہ چھٹ گئی ہم بند جسم سی
اوس لفت پیچ پیچ میں الجھی ہئے جاں ہنوز

جو بات میکدہ میں ہے ایک ایک زبان پر
افسوس مدرسہ میں ہی بالکل نہاں ہنوز

ضبط و شکیب بھاں ہی نقاب جمال شوق
کیوجہ وہاں نہیں ہی سر امتحاں ہنوز

مدت ہوئی بہار جہاں دیکھتے ہوئی
دیکھا نہیں کسی نی گل بیخزاں ہنوز

اکثر ہوا ہے مجکو سفر در وطن مگر
لایا نہ دوستونکی لیئے ارمغاں ہنوز

ایک شب ہوا تہا جلوہ نما چرخ پر وہ ماہ
مدہوش ہیں ملایکہ آسماں ہنوز

ناآشنا رقیب سے ہے آشنا ابھی
ناآشنا ہی لب سے ہماری فغاں ہنوز

آشفتہ زلف چاک قبا نیمبار چشم
ہیں صحبت شبانہ کی ظاہر نشاں ہنوز

اے موجہ نسیم ذرا اور ٹہیر جا
ہی خاک پر ہماری وہ دامن فشاں ہنوز

میخانہ میں تمام جوانی بسر ہوئے
لیکن ملا نہ منصب پیر مغاں ہنوز

اے تاب برق تھوڑی سی تکلیف بعد بہی
کچھ رہ گئی ہیں خار و خس آشیاں ہنوز

آتا ہو نہیں ہیں سی ذرا صبر شیفتہ
سونیکے قصد میں بہی نہیں پاسباں ہنوز

ہند کے وہ زمین ہے عشرت خیز
کہ نہ زاہد جہاں کریں پرہیز

وجد کرتے ہیں پیکے مے صوفی
مست ہوتے ہیں صبح تک شب خیز

رندگی یہاں تو شاہد و مے سے
پارسا کو نہیں گزیر و گریز

سخت مشکل ہی ایسی عشرت میں　　خطر حشر و بیم رستا خیز
ہی غریبوں کو جرات فرہاد　　ہی فقیروں کو عشرت پرویز
عیش نے یہاں بٹھا دیا ناقہ　　غم نے کی یہاں کسی رخش کو مہمیز
کوئی یہاں غم کو جانتا ہی نہیں　　جز غم عشق سو ہی عیش آمیز
باد صرصر یہاں نسیم چمن　　نار عنصر سے آتش گل تیز
بوستاں کے طرح یہاں صحرا　　دل کشا دلپذیر دل آویز
کوئی پامال جور چرخ نہیں　　کتنی ہی یہہ زمین راحت خیز
اثر زہرہ اوسمیں یہاں پایا　　وہ جو مریخ ہے بڑا خونریز

شیفتہ تھام لو عنان قلم
یہہ زمیں گرچہ ہے ہوس انگیز

دور رہنا ہمسی کہانتک اور بیگانیکی پاس　　ہیں قریب مرگ کیا اب بھی نہیں آنیکی پاس
جلوہ آرا بسکہ تھا وہ شمع سیارات کو　　ہم بھی مر کر ہاگئی مجلس میں پروانیکی پاس
آفریں طفیل وحشت مرحبا جوش جنوں　　وہ یہہ کہتی ہیں کہ کیونکر جائیں دیوانیکی پاس
غیر سی کھوائیں ہار دنسی سمجھوائنگی ہم　　دیکھہ لینگی پھر کہ تم کیونکر نہیں آنیکی پاس

شیفتہ نے قصۂ مجنوں سنایا رات کو
آگیا میرا دنہیں سنتی ہی افسانیکی پاس

اٹھی نہ چھوڑ کے ہم آستان بادہ فروش　　طلسم ہوشربا ہی دکان بادہ فروش

کھلا جو پردۂ روئی حقایق اشیا
کھلی حقیقت راز نہان بادہ فروش

فسردہ طینتی و کاہلی سی ہمنے کبھی
شباب مین بہی نہ دیکھی دکان بادہ فروش

یقین ہی کہ مئی ناب مفت ہاتھہ آئی
یہہ جمیں ہی کہ ہنوں میہمان بادہ فروش

قدح سی دل ہی مُراد اور مے سی عشق غرض
مین وہ نہیں کہ نہ سمجھوں زبان بادہ فروش

عجب نہیں کہ کسی روز دہ بہی آنکلیں
کہ ہے گذرگہ خلق آستان بادہ فروش

مے و سرود کی اسرار آپ آکر دیکھہ
نپوچہہ مجھسے کہ ہوں رازدان بادہ فروش

شراب دیکھہ کہ کس رنگ کی پلاتا ہی
خبر اسکی اور نہیں امتحان بادہ فروش

تری شمیم نی گلزار کو کیا برباد
تری نگاہ نی کہوئی دکان بادہ فروش

عبث ہی شیفتہ ہر ایک سی پوچھتے پہرنا
ملیگا بادہ کشوں سی نشان بادہ فروش

اونکو دشمن سی ہی محبت خاص
یہہ ہمارا ہے ثمرۂ اخلاص

وجد مین لاتی اہل درد ہمیں
باد کی ساتھہ خاک ہی رقاص

دل کی ٹکڑی اوڑے نہیں ہی گناہ
نفس کو قتل کر نہیں ہے قصاص

حسن باطن زبونی ظاہر
ہے مے ناب اور جام رصاص

کیا مزہ تمسے آشنائی کا
ما شربتم مدامة الاخلاص

ہجر زہر اور وصل ہے تریاق
زہر و تریاق کا جدا ہے خواص

قسمت اوسکی خبر نہ جسکو
عام اس دور مین ہی بادۂ خاص

دام سے تیرے موسم گل ہیں ۔ بلبلونکو نہیں ہوا ہے خلاص

شیفتہ نے ہماری داد نہ دی
سچ ہے القاص لایحب القاص

ہے دلکو یوں تری قُم اعجاز اثر سی فیض ۔ غنچہ کو جیسی موجہ باد سحر سی فیض
عشاق سی نگاہ نرکھو دریغ تم ۔ پاتی ہیں لوگ خدمت اہل نظر سی فیض
ہی عالم کبیر میں بہی یوں ہی جسطرح ۔ دلسی جگر کو فیض ہی دلکو جگر سی فیض
آزردہ جفای دیُ تیر کو نہیں ۔ یکذرہ آب و آتش لعل و گہر سی فیض
اپنی نہاد میں نہیں احسان فراموشی ۔ پایا ہی ہمنی صاعقہ کا ابر تر سی فیض
زر کسب کرکے کی عشرت خسرو نصیب ہو ۔ فرہاد کو نہ ہی ہوا جو ہنر سے فیض
لگتی ہیں اُسکی سینہ دہر سی مدام ہم ۔ ہوتا ہی ہمکو روزمرہ سیمبر سی فیض
ارباب خانقاہ ہیں محتاج اغنیا ۔ کافی ہے ہمکو پیر مغان تیری در سی فیض
بلبل ہماری گہر وہ خود آتی ہیں رحم سے ۔ فرزندہی پر ہیں یہاں بال و پر سی فیض

خرم نہاد دیکش و زاہد شگفتہ دل
ہے شیفتہ ہر ایک کو وقت سحر سی فیض

لازم ہی بیوفا تجہی اہل وفا سی ربط ۔ کیسا ہی دیکھہ عکس کو آئینہ و ادا سی ربط
یہہ ناخن خراش ہیں بگڑی گیا کہوں ۔ اکدم ہوا جو عقدۂ بند قبا سی ربط
ناصح میری ملامت بیجا سی فائدہ ۔ بی اختیار دلکو ہی اُس دلربا سی ربط

ادس ہمرد مہر کو ہوا اثر پر جو ہو سکی
کام وو ہاں کو میری دم شعلہ زا سی ربط

کیجے گر انسی شکوۂ انجام کار عشق
کھتے ہیں مجکو تم سی نہ تھا ابتدا سی ربط

دو دن میں تنگ ہو گئی جور سپہر سی
اس حوصلہ پہ کرتی تھی اوسکی جفا سی ربط

کیا کیجے بدگمانی ابرو کا دہیان ہی
کرلے وگرنہ ہجر میں تیغ قضا سی ربط

تیری ستم سی ہی یہہ غالب پہ دمبدم
یارب نہو کسیکو کسی بیوفا سے ربط

صبح شب فراق کیا لطف مرگ نے
کیا دیر میں ہوا ہمیں زود آشنا سی ربط

فریاد نزع کان تک اوسکی نجا سکی
تھا شیفتہ ہمیں نفس نارسا سی ربط

تیری فسونکی نہیں میری لییں جا واعظ
صنم پرست ہو نہ بندۂ ریا واعظ

کسی صنم نی مگر آپ کو جلایا ہی
نہیں تو حوردنکی کیوں اسقدر ثنا واعظ

تمہاری حسن جہانسوز سی میں جلتا ہوں
کہاں رقیب میری شیخ و پارسا واعظ

لگا کے دیکہیں ہی خوب گون دو نہیں
ہم اوسکو لاتی ہیں تو حور کو بلا واعظ

تیری غضبون اثر ریز سی رسا تر سی
فغان کی اثر و آہ نارسا واعظ

کمی تہی حالت نہ دیکہیں اوسکو کیا یارو
کوئی یہہ پوچھی کہ کیوں شیفتہ ہنا واعظ

خورشید کو اگرچہ نہ پہنچی ضیا میں شمع
پروانہ کو نہ پہنچیں پر سوا می شمع

اس تیرہ روزگار میں مجسا جگر گداز
مشعل جلا کی ڈہونڈ ہی کوئی اگر ہیا سی شمع

روز فراق میں ہی قیامت جمال گل
شبہای ہجر میں ہی مصیبت لقای شمع

پروانی کیا خجل ہوئی دیکھا جو صبح کو
تہا شب کو اسکی بزم میں خورشید جای شمع

اوس رشک شمع و گل کی ہی کچھ آب و تاب اور
دیکھی ہیں جلوہ ہای گل و شعلہ ہای شمع

دیتی ہی اودگرمی پروانہ داغ رشک
شبہای ہجر میں گھر کی کیونکر جلای شمع

کیا حاجت آفتاب کی گھر میں چراغ کی
ہی حکم شب کو بزم میں کوئی نہ لای شمع

اوس لعل بی بہا سی کہاں تاب ہمسری
روشن ہی بات قیمت گل اور بہای شمع

خورشید جسکی جلوہ سی ہو شمع صبحدم
کیا ٹھہری اوسکی سامنے نور ضیای شمع

اس تیرہ شب میں جائینگی کیونکر عدو کی گھر
میرا رقیب وہ ہی جو اونکو دکھای شمع

آتی ہیں وہ جو گور پہ میری تو بہر زیب
کوئی نہ لای پھول نہ کوئی منگای شمع

گل پر لگا کی آپسی کھنچیں گے بی طلب
آئیگی اپنی پانوسی یہاں بن بلای شمع

ڈرتی ہی اوٹھا نہ دی کہیں وہ بزم عیش سے
کیا تاب ہے کہ شیفتہ آنسو بہای شمع

دیگر

کیا غیر تہا کہ شب کو تہا جلوہ گر چراغ
رہتا ہی ورنہ گھر میں تیری تا سحر چراغ

کیا لطف آہ صبح شب ہجر مہروش
کیا فائدہ جو کیجیے روشن سحر چراغ

پروانہ گر بچا ہی تو بیجا ہی لاف عشق
روشن ہے میری نالوں سی افلاک پر چراغ

ہر بار کرتی طریقہ پروانہ اختیار
اوس تاب بخشی کیجی روشن اگر چراغ

پروانہ ہو گیا ہی رقیب گستاخ ہی
